فمن اظلم 24

القرآن الكريم

لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

www.KitaboSunnat.com

نگہت ہاشمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ
مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام
محدث لائبریری
کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com
library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ

چنانچہ کون | بڑا ظالم ہوگا | اس شخص سے جس نے | جھوٹ بولا | اللہ تعالیٰ پر | اور جھٹلایا

چنانچہ اُس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولا اور

بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى

سچائی کو | جب | وہ آئی اس کے سامنے | کیا نہیں ہے | جہنم میں | کوئی ٹھکانا

سچائی کو جھٹلایا جب وہ اُس کے سامنے آئی؟ کیا

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِىْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ

ایسے کافروں کا | اور جو شخص | آیا | سچائی لے کر | اور اُس نے تصدیق کی | اس کی

ایسے کافروں کا ٹھکانہ جہنم میں نہ ہوگا؟ (32) اور جو شخص سچائی لے کر آیا اور اُس نے اُس کی تصدیق کی،

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ

یہی لوگ | وہ | متقی ہیں | ان کے لیے ہے | جو | وہ چاہیں گے

یہی لوگ متقی ہیں۔ (33) اُن کے لیے اُن کے رب کے پاس وہ سب کچھ ہے جو وہ چاہیں گے،

عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ ۚ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ

اپنے رب کے پاس | یہی | بدلہ ہے | نیکی کرنے والوں کا | تاکہ دور کردے | اللہ تعالیٰ

نیکی کرنے والوں کا یہی بدلہ ہے۔ (34) تاکہ اللہ تعالیٰ

عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِىْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ

اُن سے | بدترین | جو | انہوں نے عمل کیے | اور بدلہ میں دے ان کو | اجر ان کا

اُن سے وہ بدترین عمل دور کردے جو انہوں نے کیے اور اُنہیں اُن بہترین اعمال کے مطابق ان کا اجر دے

بِاَحْسَنِ الَّذِىْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ

بہترین اعمال کے مطابق | اس سے جو | تھے وہ | کیا کرتے | کیا نہیں ہے | اللہ تعالیٰ

جو وہ کیا کرتے تھے۔ (35) کیا اللہ تعالیٰ ہی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ

کافی | اپنے بندے کو | اور وہ ڈراتے ہیں آپ کو | ان سے جو | اس کے سوا ہیں | اور جس کو

اپنے بندے کے لیے کافی نہیں ہے؟ اور یہ لوگ اُس کے سوا آپ کو دوسروں سے ڈراتے ہیں اور جس کو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۚ ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ

گمراہ کردے | اللہ تعالیٰ | پھر نہیں | اس کے لیے | کوئی راہ پر لانے والا | اور جس کو | ہدایت دے

اللہ تعالیٰ گمراہ کردے اُسے کوئی راہ پر لانے والا نہیں۔ (36) اور اللہ تعالیٰ جس کو ہدایت دے

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ

اللہ تعالیٰ | پھر نہیں | اس کے لیے | کوئی گمراہ کرنے والا | کیا نہیں ہے | اللہ تعالیٰ | سب پر غالب

اسے پھر کوئی گمراہ کرنے والا نہیں، کیا اللہ تعالیٰ سب پر غالب،

ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

انتقام لینے والا | اور البتہ اگر | پوچھیں آپ ان سے | کس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو

انتقام لینے والا نہیں ہے؟ (37) اور اگر آپ اُن سے پوچھیں کہ آسمانوں

وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا

اور زمین کو | وہ ضرور کہیں گے | اللہ تعالیٰ نے | آپ کہہ دیں | تو کیا تم نے دیکھا | جن کو

اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے۔ آپ کہہ دیں تو کیا تم نے دیکھا کہ

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ

تم پکارتے ہو | اللہ تعالیٰ کے سوا | اگر | ارادہ کرے مجھ کو | اللہ تعالیٰ | نقصان پہنچانے کا

اگر اللہ تعالیٰ مجھے نقصان پہنچانے کا ارادہ کرلے تو جن کو تم اللہ تعالیٰ کے سوا پکارتے ہو

هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ

کیا | وہ | ہٹانے والی ہیں | اس کے نقصان کو | یا وہ ارادہ کرے مجھ پر | رحمت کا

کیا وہ اُس کے نقصان کو ہٹانے والی ہیں؟ یا وہ مجھ پہ رحمت کا ارادہ کرے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ

کیا | وہ | روکنے والی ہیں | اس کی رحمت کو | آپ کہہ دیں | کافی ہے میرے لیے | اللہ تعالیٰ

تو کیا یہ اُس کی رحمت کو روکنے والی ہیں؟ آپ کہہ دیں کہ میرے لیے اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے،

عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا

اس پر | بھروسہ کرتے ہیں | بھروسہ کرنے والے | آپ کہہ دیں | اے میری قوم | عمل کرو

بھروسہ کرنے والے اُسی پر بھروسہ کرتے ہیں۔(38) آپ کہہ دیں کہ اے میری قوم!

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ ۙ

اپنی جگہ پر | یقیناً میں | عمل کرنے والا ہوں | پھر جلد ہی | تم جان لوگے

تم اپنی جگہ عمل کرو، یقیناً میں بھی عمل کرنے والا ہوں، پھر جلد ہی تم جان لوگے۔(39)

مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ

کس پر | آتا ہے | عذاب | وہ رسوا کردے گا اسے | اور آپڑتا ہے | اس پر

کس پر ایسا عذاب آتا ہے کہ وہ اُسے رُسوا کردے گا؟ اور کس پر وہ عذاب آپڑتا ہے

عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

عذاب | ہمیشہ قائم رہنے والا | یقیناً ہم نے | نازل کی | آپ پر | کتاب

جو ہمیشہ قائم رہنے والا ہے؟(40) یقیناً ہم نے آپ پر تمام انسانوں کے لیے

لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ

انسانوں کے لیے | حق کے ساتھ | چنانچہ جو | سیدھے راستے پر چلے | تو وہ اپنی جان کے لیے

حق کے ساتھ کتاب نازل کی ہے، چنانچہ جو سیدھے راستے پر چلے تو وہ اپنی جان کے لیے اور جو

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ

اور جو | گمراہ ہوگا | تو یقیناً | وہ گمراہ ہوگا | اپنے لیے | اور ہرگز نہیں | آپ

گمراہ ہوگا تو یقیناً وہ اپنے لیے گمراہ ہوگا اور آپ اُن پر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ۴ / ١

عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ ﴿۴۱﴾ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الۡاَنۡفُسَ حِيۡنَ مَوۡتِهَا

ان پر | کوئی ذمہ دار | اللہ تعالیٰ | قبض کرتا ہے | جانوں کو | اُن کی موت کے وقت

ہرگز کوئی ذمہ دار نہیں۔(41) اللہ تعالیٰ جانوں کو اُن کی موت کے وقت اور جن کی

وَالَّتِىۡ لَمۡ تَمُتۡ فِىۡ مَنَامِهَا ۚ فَيُمۡسِكُ الَّتِىۡ

اور جن کو | نہیں | موت آئی | ان کے سونے کے وقت | پھر وہ روک لیتا ہے | جس پر

موت نہیں آئی اُن کو سونے کے وقت اپنے قبضے میں لے لیتا ہے پھر وہ اُسے روک لیتا ہے جس پر

قَضٰى عَلَيۡهَا الۡمَوۡتَ وَيُرۡسِلُ الۡاُخۡرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ

فیصلہ کیا اُس نے | اس پر | موت کا | اور وہ بھیج دیتا ہے | دوسروں کو | تک | وقت

اُس نے موت کا فیصلہ کیا اور دوسروں کو ایک مقررہ وقت تک بھیج دیتا ہے،

مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۴۲﴾

مقررہ | یقیناً | اس میں | نشانیاں ہیں | ان لوگوں کے لیے | جو غور وفکر کرتے ہیں

یقیناً اس میں اُن لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور وفکر کرتے ہیں۔(42)

اَمِ اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ قُلۡ اَوَلَوۡ

کیا | انہوں نے بنا لیے | اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر | کچھ سفارشی | آپ کہہ دیں | اور کیا اگر چہ

کیا انہوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر کچھ سفارشی بنا لیے ہیں؟ آپ کہہ دیں کہ اور کیا اگر چہ وہ

كَانُوۡا لَا يَمۡلِكُوۡنَ شَيۡـًٔا وَّلَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿۴۳﴾ قُلۡ

ہوں وہ | نہ ملکیت رکھتے | کچھ بھی | اور نہ | وہ سمجھتے ہوں | آپ کہہ دیں

نہ ملکیت رکھتے ہوں اور نہ کچھ سمجھتے ہوں؟(43) آپ کہہ دیں کہ

لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيۡعًا ؕ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ

اللہ تعالیٰ کے لیے ہے | سفارش | ساری کی ساری | اس کے لیے | بادشاہت ہے | آسمانوں کی

سفارش ساری کی ساری اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، آسمانوں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالْاَرْضِ ؕ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا ذُكِرَ

اور زمین کی | پھر | اس کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | اور جب | ذکر کیا جاتا ہے

اور زمین کی بادشاہت اُسی کے لیے ہے، پھر اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔(44) اور جب

اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا

اللہ تعالیٰ کا | اکیلے کا | تنگ پڑتے ہیں | دل | اُن لوگوں کے جو | نہیں

اکیلے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن لوگوں کے دل تنگ پڑتے ہیں جو

يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ

ایمان رکھتے | آخرت پر | اور جب | ذکر کیا جاتا ہے | اُن کا جو | اس کے سوا ہیں

آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور جب اُس کے سوا دوسروں کا ذکر کیا جاتا ہے

اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ

تب | وہ | خوش وخرم ہوجاتے ہیں | آپ کہہ دیں | اے اللہ | پیدا کرنے والے

تب وہ خوش وخرم ہوجاتے ہیں۔(45) آپ کہہ دیں کہ اے اللہ!

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ

آسمانوں کے | اور زمین کے | جاننے والے | غیب کے | اور حاضر کے | تو

آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! غیب اور حاضر کے جاننے والے! تُو

تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ

فیصلہ کرے گا | درمیان | اپنے بندوں کے | اس میں جو | تھے وہ | اس میں

اپنے بندوں کے درمیان اُس چیز کا فیصلہ کرے گا جس میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا

اختلاف کرتے | اور اگر | واقعی | ان لوگوں کے لیے ہو | جنھوں نے ظلم کیا | جو

اختلاف کرتے تھے۔(46) اور اگر واقعی اُن کے پاس جنھوں نے ظلم کیا، وہ سب کچھ ہو جو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا

زمین میں ہے وہ سب کچھ اور اس کی مانند اس کے ساتھ ضرور فدیے میں دے دیں گے

زمین میں ہے اور اُس کے ساتھ اُس کی مانند اور بھی ہو تو

بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَبَدَا لَهُمْ

اس کو بُرے عذاب سے دن قیامت کے اور ظاہر ہو جائے گا ان پر

وہ قیامت کے دن کے بُرے عذاب سے بچنے کے لیے ضرور اُسے فدیے میں دے دیں گے اور

مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ۝٤٧ وَبَدَا

اللہ کی جناب سے جس کا نہیں تھے وہ گمان رکھتے اور ظاہر ہو جائیں گی

اللہ تعالیٰ کی جناب سے اُن پر وہ ظاہر ہو جائے گا جس کا وہ گمان بھی نہیں رکھتے تھے۔(47) اور جو اعمال

لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ

ان کے لیے برائیاں ان (اعمال) کی جو انہوں نے کمائے ہیں اور گھیر لے گا ان کو

انہوں نے کمائے ہیں اُن کی برائیاں اُن کے لیے ظاہر ہو جائیں گی اور وہ انہیں گھیر لے گا

مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٤٨ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ

جو تھے وہ اُس کا مذاق اڑاتے پھر جب پہنچتی ہے انسان کو

جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے۔(48) پھر جب انسان کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے

ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً

کوئی مصیبت وہ پکارتا ہے ہمیں پھر جب ہم دیتے ہیں اسے کوئی نعمت

تو وہ ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اُسے اپنی طرف سے کوئی نعمت دیتے ہیں

مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ

اپنی طرف سے وہ کہتا ہے یقیناً مجھے دی گئی ہے وہ علم (کی بنا) پر بلکہ

تو وہ کہتا ہے کہ مجھے صرف علم کی بناء پر ہی دی گئی ہے بلکہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هِيَ	فِتْنَةٌ	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٤٩	قَدْ
وہ	آزمائش ہے	اور لیکن	اکثر اُن کے	نہیں جانتے	بلاشبہ

وہ آزمائش ہے لیکن اُن میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔(49) بلاشبہ

قَالَهَا	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَمَآ	اَغْنٰى	عَنْهُمْ
کہی تھی یہ (بات)	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے (تھے)	پھر نہ	کام آیا	اُن کے

اُن سے پہلے لوگوں نے بھی یہ بات کہی تھی

مَّا	كَانُوْا	يَكْسِبُوْنَ ۝٥٠	فَاَصَابَهُمْ	سَيِّاٰتُ	مَا
جو	تھے وہ	کماتے	تو آپڑا اُن پر	وبال	جو

چنانچہ جو کچھ وہ کماتے تھے وہ اُن کے کسی کام نہ آیا۔(50) تو اُن پر وبال آپڑا جو

كَسَبُوْا ؕ	وَالَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْ هٰٓؤُلَآءِ	سَيُصِيْبُهُمْ
انہوں نے کمایا	اور جن لوگوں نے	ظلم کیا	ان میں سے	جلد ہی آپڑے گا ان پر

انہوں نے کمایا اور ان میں سے بھی جنہوں نے ظلم کیا، جلد ہی ان پر بھی

سَيِّاٰتُ	مَا	كَسَبُوْا ۙ	وَمَا هُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ ۝٥١	اَوَلَمْ
وبال	جو	انہوں نے کمایا	اور نہیں وہ	عاجز کرنے والے	اور کیا انہیں

وبال آپڑے گا جو انہوں نے کمایا اور وہ عاجز کر دینے والے نہیں ہیں۔(51) اور کیا انہیں

يَعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ
انہیں معلوم	یقیناً	اللہ تعالیٰ	کشادہ کردیتا ہے	رزق	جس کے لیے

معلوم نہیں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ جس کا چاہتا ہے رزق کشادہ کردیتا ہے

يَّشَآءُ	وَيَقْدِرُ ؕ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ
وہ چاہتا ہے	اور وہ تنگ بھی کرتا ہے	یقیناً	اس میں	البتہ نشانیاں ہیں	ان لوگوں کے لیے

اور وہ تنگ بھی کردیتا ہے۔ یقیناً اس میں نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ٥ ١١ ٢

يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ ع	قُلْ	يٰعِبَادِيَ	الَّذِيْنَ	اَسْرَفُوْا
جو ایمان رکھتے ہیں	آپ کہہ دیں	اے میرے بندو	جنہوں نے	زیادتی کی ہے

جو ایمان لاتے ہیں۔(52) آپ کہہ دیں کہ اے میرے بندو جنہوں نے

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ	لَا تَقْنَطُوْا	مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ
اپنی جانوں پر	نہ تم مایوس ہو جاؤ	اللہ تعالیٰ کی رحمت سے	یقیناً	اللہ تعالیٰ

اپنی جانوں پر زیادتی کی، اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہو جاؤ، یقیناً اللہ تعالیٰ

يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ	جَمِيْعًا ؕ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْغَفُوْرُ
بخش دیتا ہے	گناہ	سب کے سب	یقیناً	وہی	بڑا بخشنے والا

سب کے سب گناہوں کو بخش دیتا ہے۔ یقیناً وہی بڑا بخشنے والا،

الرَّحِيْمُ ﴿٥٣﴾	وَاَنِيْبُوْٓا	اِلٰى رَبِّكُمْ	وَاَسْلِمُوْا	لَهٗ
نہایت رحم والا ہے	اور پلٹ آؤ	اپنے رب کی طرف	اور مطیع بن جاؤ	اس کے

نہایت رحم والا ہے۔(53) اور اپنے رب کی طرف پلٹ آؤ اور اُس کے مطیع بن جاؤ

مِنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٥٤﴾
اس سے پہلے	یہ کہ	آئے تم پر	عذاب	پھر	تمہاری مدد نہ کی جائے گی

اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آ جائے، پھر تمہاری مدد نہیں کی جائے گی۔(54)

وَاتَّبِعُوْٓا	اَحْسَنَ	مَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكُمْ	مِّنْ رَّبِّكُمْ
اور پیروی کرو	سب سے اچھی بات کی	جو	نازل کی گئی ہے	تمہاری طرف	تمہارے رب کی طرف سے

اور پیروی کرو سب سے اچھی بات کی جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف نازل کی گئی ہے

مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	بَغْتَةً	وَّاَنْتُمْ
اس سے پہلے	یہ کہ	آئے تمہارے پاس	عذاب	اچانک	اور تم

اس سے پہلے کہ اچانک تم پر عذاب آ جائے اور تم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى

نہ سمجھتے ہو | یہ کہ | کہے | کوئی شخص | ہائے افسوس | اوپر

سمجھتے ہی نہ ہو۔ (55) یہ کہ کوئی شخص کہے: ”ہائے افسوس اُس کوتاہی پر

مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ

اس کے جو | میں نے کوتاہی کی | اللہ تعالیٰ کی جناب میں | اور بلاشبہ | میں تھا

جو میں نے اللہ تعالیٰ کی جناب میں کی اور بلاشبہ میں

لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ

مذاق اڑانے والوں میں سے | یا | وہ کہے | اگر | واقعتاً | اللہ تعالیٰ نے

مذاق اُڑانے والوں میں سے تھا۔“ (56) یا کہے: ”اگر واقعتاً اللہ تعالیٰ نے

هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ

ہدایت دی ہوتی مجھے | تو ہوتا میں | متقیوں میں سے | یا | وہ کہے | جب

مجھے ہدایت دی ہوتی تو میں یقیناً متقیوں میں سے ہوتا۔“ (57) یا جب

تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ

وہ دیکھے | عذاب | کاش | واقعی | مجھے | دوبارہ لوٹ جانا ہو | تو میں ہو جاؤں

وہ عذاب دیکھے تو کہے: ”کاش واقعی مجھے ایک بار دنیا میں لوٹ جانا ہو تو میں نیک عمل کرنے والوں میں

مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ

نیک عمل کرنے والوں میں سے | کیوں نہیں | بلاشبہ | آئی تھیں تمہارے پاس | میری آیات

شامل ہو جاؤں۔“ (58) کیوں نہیں! بلاشبہ میری آیات تمہارے پاس آئی تھیں

فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾

پھر تو نے جھٹلایا | اُن کو | اور تو نے تکبر کیا | اور تو تھا | انکار کرنے والوں میں سے

تو تُو نے انہیں جھٹلایا اور تکبر کیا اور تُو انکار کرنے والوں میں سے تھا۔ (59)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ

اور دن قیامت کے آپ دیکھیں گے ان لوگوں کو جنھوں نے جھوٹ باندھا اللہ تعالیٰ پر

اور قیامت کے دن آپ اُن لوگوں کو دیکھیں گے جنھوں نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا

وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝۶۰

چہرے اُن کے سیاہ ہوں گے کیا نہیں جہنم میں کوئی ٹھکانا تکبر کرنے والوں کا

کہ اُن کے چہرے سیاہ ہوں گے، کیا جہنم میں تکبر کرنے والوں کا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے؟(60)

وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ

اور نجات دے گا اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کو جنھوں نے تقویٰ اختیار کیا ان کی کامیابی کی وجہ سے

اور جن لوگوں نے تقویٰ اختیار کیا ان کی کامیابی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ انہیں نجات دے گا۔

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْۗءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۶۱ اَللّٰهُ

نہیں چھوئے گی انہیں کوئی تکلیف اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے اللہ تعالیٰ

نہ اُنہیں کوئی تکلیف چھوئے گی اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔(61) اللہ تعالیٰ

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۡ وَّهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝۶۲ لَهٗ

خالق ہے ہر چیز کا اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے اس کے پاس

ہر چیز کا خالق ہے اور وہی ہر چیز پر نگہبان ہے۔(62)

مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کنجیاں ہیں آسمانوں کی اور زمین کی اور جن لوگوں نے انکار کیا

آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اُسی کے پاس ہیں اور جن لوگوں نے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۶۳ؑ قُلْ

اللہ تعالیٰ کی آیات کا یہی لوگ وہی خسارہ پانے والے ہیں آپ کہہ دیں

اللہ تعالیٰ کی آیات کا انکار کیا، وہی خسارہ پانے والے ہیں۔(63) آپ کہہ دیں

ع ۶ ۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ	تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ	اَعْبُدُ	اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾	وَلَقَدْ	
تو کیا غیر اللہ کی	تم حکم دیتے ہو مجھے	میں عبادت کروں	اے جاہلو!	اور بلاشبہ یقیناً	

کہ اے جاہلو! تو کیا تم مجھے حکم دیتے ہو کہ میں غیر اللہ کی عبادت کروں؟ (64) اور بلاشبہ یقیناً

اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	وَاِلَى الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكَ ۚ	لَئِنْ
وحی کی گئی	تیری طرف	اور ان لوگوں کی طرف	(جو) آپ سے پہلے تھے	البتہ اگر

آپ کی طرف اور آپ سے پہلے لوگوں کی طرف وحی کی گئی کہ اگر

اَشْرَكْتَ	لَيَحْبَطَنَّ	عَمَلُكَ	وَلَتَكُوْنَنَّ
آپ نے شرک کیا	یقیناً ضرور ضائع ہو جائے گا	آپ کا عمل	اور یقیناً آپ ضرور ہو جائیں گے

آپ نے شرک کیا تو یقیناً ضرور آپ کا عمل ضائع ہو جائے گا اور آپ ضرور

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾	بَلِ	اللّٰهَ	فَاعْبُدْ	وَكُنْ
خسارہ اٹھانے والوں میں سے	بلکہ	اللہ تعالیٰ	پس آپ عبادت کریں اس کی	اور ہو جائیں

خسارہ اُٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ (65) بلکہ آپ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں

مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾	وَمَا	قَدَرُوا	اللّٰهَ	حَقَّ	قَدْرِهٖ ۖ
شکر گزاروں میں سے	اور نہیں	انہوں نے قدر کی	اللہ تعالیٰ کی	حق ہے	اس کی قدر کا

اور شکر گزاروں میں سے ہو جائیں۔ (66) اور اُنہوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر ہی نہ کی جیسا کہ اُس کی قدر کرنے کا حق ہے

وَالْاَرْضُ	جَمِيْعًا	قَبْضَتُهٗ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَالسَّمٰوٰتُ
حالانکہ زمین	ساری کی ساری	اس کی مٹھی میں ہوگی	قیامت کے دن	اور آسمان

حالانکہ زمین ساری کی ساری قیامت کے دن اُس کی مٹھی میں ہوگی اور آسمان

مَطْوِيّٰتٌۢ	بِيَمِيْنِهٖ ۭ	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا
لپٹے ہوئے ہوں گے	اس کے دائیں ہاتھ میں	پاک ہے وہ	اور بہت بلند ہے وہ	اس سے جو

اُس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں گے۔ وہ پاک ہے اور بہت بلند ہے اس سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٧﴾	وَنُفِخَ	فِي الصُّوْرِ	فَصَعِقَ	مَنْ
جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں	اور پھونکا جائے گا	صور میں	تو بے ہوش ہو کر گر جائے گا	جو

جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔(67)اور صُور میں پھونکا جائے گا تو وہ بے ہوش ہو کر گر جائے گا جو

فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اِلَّا	مَنْ شَآءَ	اللّٰهُ	ثُمَّ
آسمانوں میں ہے	اور جو	زمین میں ہے	مگر	جسے چاہا	اللہ تعالیٰ نے	پھر

آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے مگر جسے اللہ تعالیٰ نے چاہا پھر

نُفِخَ	فِيْهِ	اُخْرٰى	فَاِذَا	هُمْ	قِيَامٌ	يَّنْظُرُوْنَ ﴿٦٨﴾
پھونکا جائے گا	اس میں	دوسری بار	تو اچانک	وہ	کھڑے	دیکھ رہے ہوں گے

اس میں دوسری بار صُور پھونکا جائے گا تو اچانک وہ کھڑے دیکھ رہے ہوں گے۔(68)

وَاَشْرَقَتِ	الْاَرْضُ	بِنُوْرِ	رَبِّهَا	وَوُضِعَ
اور چمک اٹھے گی	زمین	نور سے	اپنے رب کے	اور رکھ دی جائے گی

اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اُٹھے گی اور کتاب رکھ دی جائے گی

الْكِتٰبُ	وَجِايْٓءَ	بِالنَّبِيّٖنَ	وَالشُّهَدَآءِ	وَقُضِيَ
کتاب	اور لایا جائے گا	انبیاء کو	اور گواہوں کو	اور فیصلہ کر دیا جائے گا

اور انبیاء اور گواہوں کو لایا جائے گا اور اُن کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا

بَيْنَهُمْ	بِالْحَقِّ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٩﴾	وَوُفِّيَتْ
اُن کے درمیان	حق کے ساتھ	اور ان پر	کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا	اور پورا دیا جائے گا

اور اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا۔(69)اور ہر شخص کو پورا بدلہ دیا جائے گا

كُلُّ نَفْسٍ	مَّا	عَمِلَتْ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِمَا
ہر نفس کو	جو	اُس نے کیا	اور وہ	خوب جانتا ہے	اس چیز کو جو

جو اس نے کیا اور وہ اس کو خوب جانتا ہے جو کچھ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ٧ ٤

يَفۡعَلُوۡنَ ﴿٧٠﴾ ع	وَسِيۡقَ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡۤا	اِلٰى جَهَنَّمَ
وہ کرتے ہیں	اور ہانکے جائیں گے	وہ لوگ	جنہوں نے کفر کیا	جہنم کی طرف

وہ کرتے ہیں۔(70) اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ گروہ در گروہ جہنم کی طرف

زُمَرًا ؕ	حَتّٰۤى	اِذَا	جَآءُوۡهَا	فُتِحَتۡ
گروہ در گروہ	یہاں تک کہ	جب	وہ پہنچیں گے اس کے پاس	کھولے جائیں گے

ہانکے جائیں گے، حتیٰ کہ جب وہ اُس کے پاس پہنچیں گے تو اُس کے دروازے کھول دیے جائیں گے

اَبۡوَابُهَا	وَقَالَ	لَهُمۡ	خَزَنَتُهَاۤ	اَلَمۡ	يَاۡتِكُمۡ
دروازے اس کے	اور کہیں گے	اُن سے	نگران اس کے	کیا نہیں	آئے تھے تمہارے پاس

اور اُس کے نگران اُن سے کہیں گے: "کیا تمہارے پاس خود تم ہی میں سے کچھ رسول نہیں آئے تھے

رُسُلٌ	مِّنۡكُمۡ	يَتۡلُوۡنَ	عَلَيۡكُمۡ	اٰيٰتِ	رَبِّكُمۡ
کچھ رسول	تم میں سے	وہ پڑھ کر سناتے ہوں	تم پر	آیات	تمہارے رب کی

جو تمہیں تمہارے رب کی آیات پڑھ کر سناتے ہوں اور تمہیں

وَيُنۡذِرُوۡنَكُمۡ	لِقَآءَ	يَوۡمِكُمۡ هٰذَا ؕ	قَالُوۡا	بَلٰى	وَلٰكِنۡ
اور وہ ڈراتے ہوں تمہیں	ملاقات سے	تمہارے اس دن کی	وہ کہیں گے	کیوں نہیں	اور لیکن

اُس دن کی ملاقات سے ڈراتے ہوں؟" وہ کہیں گے: "کیوں نہیں! لیکن

حَقَّتۡ	كَلِمَةُ	الۡعَذَابِ	عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿٧١﴾	قِيۡلَ	ادۡخُلُوۡۤا
ثابت ہوگئی	بات	عذاب کی	کافروں پر	کہا جائے گا	داخل ہو جاؤ

عذاب کی بات کافروں پر ثابت ہوگئی۔" (71) کہا جائے گا: "داخل ہو جاؤ

اَبۡوَابَ جَهَنَّمَ	خٰلِدِيۡنَ	فِيۡهَا ۚ	فَبِئۡسَ	مَثۡوَى
جہنم کے دروازوں میں	ہمیشہ رہنے والے ہو	اس میں	چنانچہ بُرا ہے	ٹھکانہ

جہنم کے دروازوں میں، اُس میں ہمیشہ رہنے والے ہو" چنانچہ بُرا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٧٢﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى

تکبر کرنے والوں کا | اور لایا جائے گا | ان لوگوں کو جو | ڈر کر رہے | اپنے رب سے | طرف

تکبر کرنے والوں کا ٹھکانہ۔(72) ان لوگوں کو جو اپنے رب سے ڈر کر رہے،

الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا وَفُتِحَتْ

جنت کے | گروہ در گروہ | یہاں تک کہ | جب | وہ آئیں گے اس کے پاس | اور کھول دیے گئے ہوں گے

گروہ در گروہ جنت کی طرف لایا جائے گا، یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس آئیں گے

اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ

دروازے اس کے | اور کہیں گے | ان سے | نگران اس کے | سلام ہو | تم پر

اور جنت کے دروازے کھول دیے گئے ہوں گے اور اُس کے نگران اُن سے کہیں گے: ”سلام ہو تم پر!

طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿٧٣﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ

پاکیزہ رہے تم | چنانچہ داخل ہو جاؤ اس میں | ہمیشہ رہنے والے ہو | اور وہ کہیں گے | سب تعریف

پاکیزہ رہے تم، چنانچہ اس میں داخل ہو جاؤ، ہمیشہ رہنے والے ہو۔“(73) اور وہ کہیں گے: ”سب تعریف

لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا

اللہ تعالیٰ کے لیے ہے | جس نے | سچا کیا ہم سے | اپنا وعدہ | اور وارث بنا دیا ہمیں

اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس نے ہمارے ساتھ اپنا وعدہ سچا کیا اور ہمیں زمین کا وارث بنا دیا

الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاۗءُ ۚ فَنِعْمَ

زمین کا | ہم جگہ بنا لیں | جنت میں سے | جہاں | ہم چاہیں گے | سو کیا ہی بہترین ہے

کہ ہم جنت میں سے جہاں چاہیں گے جگہ بنا لیں۔“ سو کیا ہی بہترین

اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَتَرَى الْمَلٰۗىِٕكَةَ حَاۗفِّيْنَ

اجر | عمل کرنے والوں کا | اور آپ دیکھیں گے | فرشتے | حلقہ بنائے ہوئے

اجر ہے عمل کرنے والوں کے لیے!(74) اور آپ فرشتوں کو دیکھیں گے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ	يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ	رَبِّهِمْ ج
عرش کے اردگرد	وہ تسبیح کررہے ہیں	ساتھ حمد کے	اپنے رب کی

کہ عرش کے گرد حلقہ بنائے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کررہے ہیں

وَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	بِالْحَقِّ	وَقِيْلَ
اور فیصلہ کردیا جائے گا	اُن کے درمیان	حق کے ساتھ	اور کہا جائے گا

اور لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کردیا جائے گا اور کہا جائے گا:

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٥﴾ ع
تمام تعریف	اللہ تعالیٰ ہی کے لیے	رب ہے	سارے جہانوں کا

"تمام تعریف اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے۔"(75)

ع ۸ ۵ الربع

ایاتها ۸۵ — ۴۰ سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ ۶۰ — رکوعاتها ۹

سُورہ مومن مکی ہے اس میں پچاسی آیات اور نو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ﴿١﴾ ج	تَنْزِيْلُ	الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ
حٰمٓ	نزول	اس کتاب کا	اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے	جو سب پر غالب

حم۔(1) اس کتاب کا نزول اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے جو سب پر غالب،

الْعَلِيْمِ ﴿٢﴾ لا	غَافِرِ	الذَّنْبِ	وَقَابِلِ	التَّوْبِ	شَدِيْدِ
ہر چیز کو جاننے والا ہے	بخشنے والا	گناہ	اور قبول کرنے والا	توبہ کا	بہت سخت

ہر چیز کو جاننے والا ہے۔(2) گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا، بہت سخت

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْعِقَابِ ۙ ذِي الطَّوْلِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳

سزا دینے والا ہے | بڑے فضل والا ہے | نہیں کوئی معبود | سوائے اس کے | اسی کی طرف | لوٹ کر جانا ہے

سزا دینے والا، بڑے فضل والا ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔(3)

مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

نہیں | جھگڑے کرتے | اللہ تعالیٰ کی آیات کے بارے میں | مگر | وہ لوگ | جنھوں نے کفر کیا

اللہ تعالیٰ کی آیات میں نہیں جھگڑے کرتے مگر وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا،

فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝۴ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

تو نہ | دھوکے میں ڈالے آپ کو | چلنا پھرنا اُن کا | شہروں میں | جھٹلایا | ان سے پہلے

تو اُن کا شہروں میں چلنا پھرنا آپ کو دھوکے میں نہ ڈالے۔(4) اُن سے پہلے

قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۠ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ

قومِ نوح نے | اور گروہوں نے | ان کے بعد | اور ارادہ کیا | ہر | قوم نے

قومِ نوح جھٹلا چکی اور اُس کے بعد دوسرے گروہوں نے بھی جھٹلایا، ہر قوم نے

بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا

اپنے رسول کے متعلق | کہ وہ اسے پکڑیں | اور انہوں نے جھگڑا کیا | باطل کے ذریعے | تاکہ وہ پھسلا دیں

اپنے رسول کے متعلق ارادہ کیا کہ اُسے پکڑیں اور انہوں نے باطل کے ذریعے جھگڑا کیا تاکہ

بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝۵

اس کے ذریعے | حق کو | تو میں نے پکڑ لیا انہیں | پھر کیسی | تھی | میری سزا

اُس کے ذریعے حق کو پھسلا دیں، تو میں نے انہیں پکڑ لیا، پھر کیسی تھی میری سزا؟(5)

وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَي الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

اور اسی طرح | ثابت ہوگئی | بات | آپ کے رب کی | ان لوگوں پر | جنھوں نے کفر کیا

اور اسی طرح آپ کے رب کی بات اُن پر ثابت ہوگئی جنھوں نے کفر کیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝۶ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ

کہ یقیناً وہ جہنم والے ہیں جو (فرشتے) اٹھائے ہوئے ہیں عرش اور جو

کہ یقیناً وہ جہنم والے ہیں۔(6) جو (فرشتے) عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں اور جو

حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

اس کے اردگرد ہیں وہ تسبیح کرتے ہیں ساتھ حمد کے اپنے رب کی اور وہ ایمان لاتے ہیں اس پر

اس کے اردگرد ہیں وہ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور وہ اُس پر ایمان لاتے ہیں

وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ

اور وہ دعائے مغفرت کرتے ہیں اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اے ہمارے رب تو نے گھیر رکھا ہے

اور وہ دُعائے مغفرت کرتے ہیں اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے، اے ہمارے رب!

كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا

ہر چیز کو رحمت سے اور علم سے چنانچہ بخش دے ان لوگوں کو جنھوں نے توبہ کی

تو نے ہر چیز کو رحمت اور علم سے گھیر رکھا ہے، چنانچہ اُن لوگوں کو بخش دے جنھوں نے توبہ کی

وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝۷ رَبَّنَا

اور پیروی کی جنھوں نے تیرے راستے کی اور بچا لے انہیں دوزخ کے عذاب سے اے ہمارے رب

اور جنھوں نے تیرے راستے کی پیروی کی اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔(7) اے ہمارے رب!

وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ

اور داخل کر انہیں جنتوں میں ہمیشہ کی جن کا وعدہ کیا تو نے اُن سے اور جو

اور اُنہیں ہمیشہ کی جنتوں میں داخل فرما جن کا تُو نے اُن سے وعدہ کیا ہے اور

صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ

نیک ہیں ان کے والدین میں سے اور ان کی بیویوں میں سے اور ان کی اولاد میں سے یقیناً تو

اُن کے والدین اور بیویوں اور اولاد میں سے بھی جو نیک ہیں۔ یقیناً

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۸ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۚ وَمَنْ

تو ہی | سب پر غالب | کمال حکمت والا ہے | اور بچالے اُن کو | برائیوں سے | اور جس کو

تو ہی سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔(8) اور اُن کو بُرائیوں سے بچالے اور جس کو

تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۚ وَذٰلِكَ

تو نے بچالیا | برائیوں سے | اس دن | تو یقیناً | رحم کیا تو نے اس پر | اور یہی

تُو نے اُس دن بُرائیوں سے بچالیا تو یقیناً اُس پر تُو نے رحم کیا اور یہی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹ ع اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ

وہ | کامیابی ہے | بڑی | یقیناً | جن لوگوں نے | کفر کیا | انہیں پکار کر کہا جائے گا

بڑی کامیابی ہے۔(9) یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا اُنہیں پکار کر کہا جائے گا

لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ

یقیناً غصہ | اللہ تعالیٰ کا | بہت زیادہ ہے | تمہارے غصے سے | تمہارے اپنے اوپر | جب

کہ اللہ تعالیٰ کا غصہ تم پر تمہارے اپنے اوپر غصے سے بہت زیادہ ہے جب

تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۝۱۰ قَالُوْا رَبَّنَآ

تمہیں بلایا جاتا تھا | ایمان کی طرف | تو تم کفر کرتے تھے | وہ کہیں گے | اے ہمارے رب

تمہیں ایمان کی طرف بُلایا جاتا تھا تو تم کفر کرتے تھے۔(10) کہیں گے: ”اے ہمارے رب!

اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا

تو نے موت دی ہمیں | دو دفعہ | اور تو نے زندگی دی ہمیں | دو دفعہ | سو ہم نے اعتراف کیا

تُو نے ہمیں دو دفعہ موت دی اور تُو نے ہمیں دو دفعہ زندگی دی سو ہم نے

بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝۱۱ ذٰلِكُمْ

اپنے گناہوں کا | پھر کیا | نکلنے کا | کوئی راستہ ہے | یہ

اپنے گناہوں کا اعتراف کیا، تو کیا یہاں سے نکلنے کا کوئی راستہ ہے؟“(11) یہ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ

بوجہ اس کے ہے کہ یقیناً وہ | جب | پکارا جاتا تھا | اللہ تعالیٰ | اکیلے کو | تم کفر کرتے تھے

اس لیے ہے کہ یقیناً جب اکیلے اللہ تعالیٰ کو پکارا جاتا تھا تو تم کفر کرتے تھے

وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ

اور اگر | شریک کیا جاتا | اس کے ساتھ | تم اسے مان جاتے | چنانچہ فیصلہ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے

اور اگر دوسروں کو شریک کیا جاتا اس کے ساتھ تو تم اُنھیں مان جاتے تھے چنانچہ فیصلہ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے

الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ⑫ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

بہت بلند | بہت بڑا ہے | وہ | وہی ہے جو | دکھاتا ہے تمہیں | اپنی نشانیاں

جو بہت بلند، بہت بڑا ہے۔(12) وہی ہے جو تمہیں اپنی نشانیاں دِکھاتا ہے

وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا

اور وہ اُتارتا ہے | تمہارے لیے | آسمان سے | رزق | اور نہیں | نصیحت قبول کرتا | مگر

اور جو آسمان سے تمہارے لیے رزق اُتارتا ہے اور نصیحت نہیں قبول کرتا مگر

مَنْ يُّنِيْبُ ⑬ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ

جو رجوع کرتا ہے | چنانچہ پکارو | اللہ تعالیٰ کو | خالص کرنے والے ہو کر | اس کے لیے | دین کو

جو رجوع کرتا ہے۔(13) چنانچہ اللہ تعالیٰ کو پکارو کہ دین کو اُس کے لیے خالص کرنے والے ہو

وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ⑭ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ

اور اگرچہ | ناگوار ہو | کافروں کو | بلند درجوں والا | عرش کا مالک

اور اگرچہ کافروں کو ناگوار ہو۔(14) بلند درجوں والا، عرش کا مالک ہے

يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

نازل کرتا ہے | روح (وحی) کو | اپنے حکم سے | اوپر | جس کے وہ چاہتا ہے | اپنے بندوں میں سے

وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنے حکم سے وحی نازل کرتا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿١٥﴾ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ

تاکہ ڈرائے | دن سے | ملاقات کے | جس دن | وہ سب | صاف ظاہر ہوں گے

تاکہ وہ ملاقات کے دن سے ڈرائے۔(15) جس دن سب لوگ صاف ظاہر ہوں گے،

لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۭ لِمَنِ الْمُلْكُ

نہ پوشیدہ ہوگی | اللہ تعالیٰ سے | ان سے | کوئی چیز | کس کے لئے ہے | بادشاہت

